## پاکستان بچانے کے لئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ساتھ دینا ہوگا اور ان کے ہاتھ مضبوط کرنے ہونگے، سیف یار خان

## باتیں سب کرتے ہیں لیکن عملی کام صرف ایم کیو ایم نے کر دکھایا جس نے ترقیاتی کاموں سے کراچی وحیدر آباد کا نقشہ ہی بدل دیا، ریٹائرڈ مرل (ر) نشاط رفیع

## جناب الطاف حسین نے ملک بچانے کا نعرہ لگایا اور ہم لبیک کہتے ہوئے ان کے ساتھ کھڑے ہوگئے، صلاح الدین

## پوری قوم صرف اور صرف ایم کیو ایم اور اس کے قائد جناب الطاف حسین سے امیدیں لگائے بیٹھی ہے، میاں عتیق

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس لاہور آفس آمد پر پرتپاک استقبال

لاہور:۔۔۔یکم مارچ، 2012ء

گزشتہ دنوں ایم کیو ایم میں شامل ہونے والے ریٹائرڈ مرل (ر) نشاط رفیع اور ممتاز تاجر صلاح الدین اور میاں عتیق کی ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس لاہور آمد کے موقع پر ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ یہ استقبال ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، سینٹرل ایگزیکٹیو کونسل کے رکن سید شاہین انور گیلانی، صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے جوائنٹ انچارج و سابق صوبائی وزیر سندھ شبیر احمد قائم خانی، لاہور زونل کمیٹی کے انچارج ملک وسیم کھوکھر، اے پی ایم ایس او لاہور کے انچارج ساجد عباس سبزواری، متحدہ لائرز فورم کے انچارج مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ، لاہور ڈسٹرکٹ کے انچارج ارشاد الحق نے اراکین زونل وڈسٹرکٹ کمیٹی کے ہمراہ پنجاب ہاؤس آمد پر پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سیف یار خان نے کہا کہ ایم کیو ایم میں شامل ہونے والے افراد قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سپاہی بن چکے ہیں اور جس جذبے کے نتیجے میں آج یہ ایم کیو ایم میں آئے ہیں وہی جذبہ پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے اور عوام ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بچانے کیلئے عوام جناب الطاف حسین کا ساتھ دیں اور ان کے ہاتھ مضبوط کریں۔ اس موقع پر ریٹائرڈ مرل (ر) نشاط رفیع نے کہا کہ میں نے 37 سال کا عرصہ بحری افواج میں گزارا ہے اس دوران مختلف کلیدی عہدوں پر ذمہ داریاں انجام دیں، ریٹائرڈ ہونے کے بعد سوچا کہ میں کس طرح آنے والی نسلوں کیلئے جدوجہد کرسکتا ہوں، میں نے تمام جماعتوں کا موازانہ کیا اور اس نتیجے پر پہنچا کہ باتیں تو سب کرتے ہیں لیکن ایم کیو ایم وہ واحد جماعت ہے جس نے عملی طور پر کام کر کے دکھایا اور ترقیاتی کاموں سے کراچی وحیدر آباد جیسے شہروں نقشہ ہی بدل کر رکھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ ایم کیو ایم کو جب موقع ملے گا تو وہ اس ملک سے کرپشن، ناانصافی، اقرباء پروری اور اس جیسی دیگر بیماریوں سے عوام کو نجات دلائے گی۔ اس موقع پر صلاح الدین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں کافی عرصہ سے ایم کیو ایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے رابطے میں تھا، جب جناب الطاف حسین نے پاکستان بچانے کا نعرہ لگایا تو ہم لبیک کہتے ہوئے ان کے ساتھ کھڑے ہوگئے۔ اس موقع پر میاں عتیق نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں فخر محسوس کرتا ہوں کہ آج ایسے قائد کا سپاہی بن چکا ہوں جس سے نہ صرف آپ کی بلکہ پوری پاکستانی قوم کی امیدیں وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے کیلئے جناب الطاف حسین ہی اُمید کی آخری کرن ہیں۔

## معروف مذہبی اسکالر وممتاز عالم دین مولانا تنویر الحق تھانوی کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ یادگار شہدائے حق اور شہداء قبرستان میں حاضری، فاتحہ خوانی اور خصوصی دعائیں

کراچی۔۔۔یکم/مارچ 2012ء

معروف مذہبی اسکالر وممتاز عالم دین مولانا تنویر الحق تھانوی نے بدھ کے روز ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی سے ملاقات کی، اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ اس سے قبل مولانا تنویر الحق تھانوی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان قاسم علی رضا اور سلیم تاجک کے ہمراہ یادگار شہدائے حق پر حاضری دی اور پھول چڑھائے اور شہداء قبرستان عزیز آباد کا دورہ کر کے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت ایم کیو ایم کے تمام شہداء کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر انہوں نے شہداء کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی، لواحقین کے صبر جمیل، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیو ایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کی۔

## اوگرااورنیپرا کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات اوربجلی کے نرخوں میں اضافہ غریب عوام پرظلم وزیادتی ہے،رابطہ کمیٹی

## گیس،بجلی اورپیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے پہلے ہی عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں

## پیٹرولیم مصنوعات سمیت بجلی کے نرخوں میں مزید ہوشربا اضافہ فی الفور واپس لیا جائے ،صدراوروزیراعظم سے مطالبہ

کراچی:۔۔۔یکم/مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اوگرااورنیپرا کی جانب سے بجلی، پیٹرولیم مصنوعات بشمول ایل پی جی اورسی این جی کے نرخوں میں ہوشربا اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے غیرمنطقی اورعوام دشمن اقدام قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گیس،بجلی اورپیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے پہلے ہی غریب عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اورانتہائی کسمپرسی کی زندگی گذارنے پرمجبور ہیں جبکہ اوگرااورنیپرا کی جانب سے ایک بارپھرراتوں رات بجلی کے نرخوں میں مزید 39فیصد، پیٹرول کی مد 2.75روپے،ہائی آکٹین 8.67روپے،لائٹ ڈیزل 3.08،مٹی کے تیل کی مد میں 4.38اورسی این جی اورایل پی جی کی مد میں ایک روپے سے پندرہ روپے کا ہوشربا اضافہ کردیا ہے جس کا بھاری بوجھ بھی مہنگائی کی صورت میں براہ راست غریب عوام پر پڑیگا جوغریب عوام کے ساتھ سراسرظلم وزیادتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی بدحالی نے صنعتی وتجارتی پہیے کو مفلوج کررکھا ہے جس سے بے روزگاری کی شرح میں بھی تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اورغریب عوام خودسوزی ،خودکشیوں اوربچوں کوفروخت کرنے جیسے انتہائی اقدامات اٹھانے پرمجبور ہورہے ہیں جبکہ حکومت کی جانب سے عوام کوریلیف کرنے دینے کے بجائے الٹا بجلی اورپیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں اضافہ کیا جارہا ہے جوعوام کو زندہ درگور کے مترادف ہے اورجس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایسے وقت میں جب ملک میں، پیٹرولیم مصنوعات میں ہونیوالے اضافے سے مہنگائی کی تمام حدیں عبورکرگئی ہے، بجلی کا شدید بحران جاری ہے اورشارٹ فال 4300میگا واٹ سے تجاوز کرگیا ہے صنعتیں وتجارتی مراکزبدحالی اورتباہی کا شکار ہیں ایسے حالات میں پیٹرولیم مصنوعات اوربجلی کے نرخوں میں اضافہ قطعی غیرمنطقی اورعوام دشمن اقدام ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ اوگرااورنیپرا کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات بشمول ایل پی جی اورسی این جی سمیت بجلی کے نرخوں میں اضافہ کا نوٹیفیکیشن الفورواپس لیا جائے اوراس طرح کے اقدامات سے عوام پر بوجھ ڈالنے کا سلسلہ ترک کیا جائے اورحکومت عوام کوریلیف دیتے ہوئے سبسڈی جیسے اقدامات کریں۔

## پرنٹنگ اینڈ پیکیجنگ انڈسٹری کے وفدکی خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیزآباد میں ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## غیرمنصفانہ ٹیکسوں کے نفاذ کے باعث انڈسٹری کی سرگرمیاں جمود کا شکار ہیں،وفد

## تاجربرادری کے جائزمطالبات کے حل کیلئے ہرممکن تعاون کریں گے،رابطہ کمیٹی

## ملک کودرپیش اہم معاشی مسائل اورانکے حل پر باہمی تبادلہ خیال

کراچی:۔۔۔یکم مارچ 2012

پرنٹنگ اینڈ پیکیجنگ انڈسٹری کے وفد نے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیزآباد میں ایم کیوایم کے رکن رابطہ کمیٹی توصیف خانزادہ،ایم کیوایم کے رہنما عامرخان اورحق پرست صوبائی وزیرشیخ افضل (خالدعمر) سے ملاقات کی، وفد میں صدرابراراحمد، نائب صدرمحمودمیاں، اورسیکریٹری جنرل محمد مبین ملک شامل تھے۔ملاقات کے دوران وفد نے ملک کودرپیش مسائل پرتبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے مختلف ٹیکسوں کے نفاذ کے باعث انڈسٹری کی سرگرمیاں جمود کا شکار ہیں اوراب مجوزہ جنرل سیلز ٹیکس عائدکئے جانے کی خبروں سے تاجربرادری میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے،اگرنا منصفانہ ٹیکس عائدکرنے کا سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو تاجربرادری کا معاشی سرگرمیاں جاری رکھنا ممکن نہیں رہے گا جس سے ملک کی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا امکان ہے۔اس موقع پر وفد نے امن وامان اورمعیشت کی بحالی کے لیے ایم کیوایم کی جانب سے کی جانے والی کوششوں کوسراہا،اس موقع پررابطہ کمیٹی کے ارکان نے ملک کی معاشی خوشحالی کے لیے تاجربرادری کی خدمات کوسراہتے ہوئے ان کے تمام جائزمطالبات حل کرنے کیلئے ہرممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم آپ کے شانہ بشانہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنا کرداربہترین طریقے سے ادا کرتی رہے گی۔

## ملک کے مظلوم ومحکوم عوام الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کر چکے ہیں۔سیف یار خان

## وہ دن دور نہیں جب ایم کیو ایم اس ملک میں رائج جاگیردارانہ،فرسودہ نظام کا خاتمہ کریگی اور ملک کے ہر شہری کو مساوی حقوق دلائی گی

## کوٹ رادھا کشن میں حق پرستی کا پرچم لہرا دیا گیا ہے آنے والے الیکشن میں فتح پرستوں کی ہی ہوگی

## کوٹ رادھا کشن میں تحصیل آفس کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے اظہار خیال

کوٹ رادھا کشن:۔۔۔۔۔۔یکم مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے کہا کہ ایم کیو ایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے کے مطابق بلاتفریق رنگ ونسل ملک کے تمام مظلوموں کے حقوق کے حصول کے لئے جدہ جہد کررہی ہے یہی وجہ ہے کہ ملک بھر میں ایم کیو ایم کی مقبولیت میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور نہ صرف لوگ جوق در جوق ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں بلکہ مظلوم ومحکوم عوام الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کرتے ہیں اور اس لئے وہ ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوٹ رادھا کشن میں تحصیل آفس کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے کیا۔تقریب سے ایم کیو ایم سینٹرل ایگزیکیٹو کونسل کے رکن سید شاہین انور گیلانی،صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے جوائنٹ انچارج وسابق صوبائی وزیر سندھ شبیر احمد قائمخانی،رکن کمیٹی زاہد قریشی،لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر،حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر اے پی ایم ایس او لاہور کے انچارج ساجد سبزواری،قصور ڈسٹرکٹ کے انچارج الیاس طاہر ایڈووکیٹ نے بھی اظہار خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کے موجودہ حالات میں متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جو ملک کو معاشی،جمہوری اور سیاسی استحکام فراہم کرسکتی ہے،ایم کیو ایم ملک سے موروثی سیاست،جاگیردارانہ وفرسودہ نظام کا خاتمہ اور غریب متوسط طبقہ کی حکمرانی چاہتی ہے،اس کے لئے ہمیں ملک اور اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کے لئے ہمیں خود آگے آنا ہوگا اپنے گلی محلے سے پڑھے لکھے لوگوں کو عام انتخابات میں منتخب کروا کر اقتدار کے اعلیٰ ایوانوں میں پہنچانا ہوگا تاکہ وہ وہاں آپ کے حقوق کے لئے آواز بلند کرسکے۔ایم کیو ایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جس میں موروثی سیاست نہیں کی جاتی،قائدِ تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے رشتہ داروں کے بجائے غریب ومتوسط طبقے کے لوگوں کو اسمبلیوں میں نمائندگی دلوائی۔انہوں نے کہ وہ دن دور نہیں جب ایم کیو ایم اس ملک میں رائج فرسودہ نظام کا خاتمہ کرے گی اور ہر پاکستانی شہری کو مساوی حقوق دلائے گی۔انہوں نے کہا کہ آج کوٹ رادھا کشن میں حق پرستی کا پرچم لہرا دیا گیا ہے آج تقریب میں اتنی بڑی تعداد کی جلسہ عام میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ ضلع قصور کے عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم سے متحد ہوگئے ہیں اور انشاءاللہ آنے والے الیکشن میں حق پرستوں کی فتح ہوگی۔تقریب میں ایم کیو ایم کے دیگر ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ بزرگ،خواتین اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## سوشل نیٹ ورکس نے دنیا بھر میں ایسا انقلاب برپا کردیا ہے جس کے بغیر آج کی دنیا بے معنی لگتی ہے،ڈاکٹر خالد مقبول

## ایم کیو ایم نیویارک کے زیر اہتمام سائبر انقلاب کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے اظہارِ خیال

## سیمینار میں اسکول وکالجز کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے اساتذہ کرام اور طلباء وطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت

نیویارک:۔۔۔یکم/مارچ2012ء

ایم کیو ایم نیویارک کے زیر اہتمام سائبر انقلاب کے عنوان سے منعقدہ دوسرا بڑا سیمینار امریکہ کے چار بڑے شہروں نیویارک،نیوجرسی،فلاڈیلفیا اور کنکٹیکٹ کے اشتراک سے منعقد کیا گیا۔جس میں ایم کیو ایم نارتھ امریکہ کے نگران اعلی ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی،سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج ارشد حسین وارا کین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی،ہیلپنگ کمیٹی،ایڈوائزری کمیٹی،اراکین میڈیا سیل،اسکول وکالجز کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اساتذہ کرام،طلبہ وطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔سیمینار میں نظامت کے فرائض ایم کیو ایم نیویارک کی میڈیا سیل کی رکن ملیحہ خان نے انجام دیئے جبکہ تلاوت وکلام کے کی سعادت مدیحہ سلمان نے حاصل کی۔اس موقع پر سیمینار میں ایم کیو ایم کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سیل کے نمائندگان فواد رحمان اور فرحین رضوی نے Facebook,Blogging,Twitter,Youtube اور دیگر سوشل نیٹ ورکس کے حوالے سے شرکاء کو بریفنگ دی اور سوشل نیٹ ورکس کی اہمیت کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔انہوں نے خاص طور پر نوجوان نسل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آج دنیا بھر میں جہاں جہاں انقلاب برپا ہورہے ہیں وہاں سوشل میڈیا ہی وہ فورم ہے جس کے تحت ظالم وجابر حکمرانوں کے برسہا برس سے ظلم وجبر کی زنجیروں میں جکڑی قوم کو فرسودہ نظام سے نجات ملی ہے۔اس موقع پر سیمینار سے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سوشل نیٹ ورکس نے دنیا میں ایک ایسا انقلاب برپا کردیا ہے کہ جس کے بغیر آج کی دنیا

بے معنی ہے اور پاکستانی نوجوانوں میں سوشل نیٹ ورکس کا بڑھتا ہوا رجحان خوش آئند ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کا حصول آج بھی مشکل امر ہے مگر ایم کیوایم نے پلیٹ فارم مہیا کر دیا ہے جس سے نوجوانوں کی رہنمائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔انہوں نے سائبر انقلاب کے عنوان سے سیمینار منعقد کرنے پر اراکین کمیٹی کو مبارکباد پیش کی اور اس اقدام کو مستقبل کے لئے اہم سنگ میل قرار دیا۔بعدازاں سمینار سے نوجوان طلبہ وطالبات اور اساتذہ نے سوشل نیٹ ورکس پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کی دنیا کے ہر شعبہ جات میں کام کرنے کے لئے اس ٹیکنالوجی کا استعمال انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور اس ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرکے ہی دنیا کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا جاسکتا ہے۔

## ایم کیوایم کے سوگواران کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔۔۔یکم مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلشن اقبال سیکٹر A-66 یونٹ آفس سیکریٹری عبدالحمید کے والد علی محمد قریشی، کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن ساجد بیگ کے بھائی محمد یامین بیگ، شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن ایاز احمد کے والد اعجاز احمد اور ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 52 کے کارکن محمد مختار کی والدہ محترمہ رشیدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں ابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## قائد تحریک الطاف حسین کی ذات اس ملک کے مظلوم ومحکوم عوام کیلئے روشنی کی کرن ہے
## مظلوم ومحکوم عوام کو فخر ہے کہ انکی رہنمائی ایک ایسے عظیم شخص کر رہا ہے جیسے دنیا کی کوئی دولت خرید نہیں سکتی
## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف

حیدرآباد۔۔۔01مارچ2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے تمام سیاسی و مذہبی رہنماؤں کیلئے قابل تقلید شخصیت ہیں جنہوں نے کبھی بھی اپنے یا اپنے خاندان کے مفاد میں کوئی سودے بازی نہیں کی ۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔انہوں نے مذید کہا کہ اس ملک کی مظلوم ومحکوم عوام کو فخر ہے کہ انکی رہنمائی ایک ایسے عظیم شخص کر رہا ہے جیسے دنیا کی کوئی دولت خرید نہیں سکتی ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفے اور نظریئے کی بدولت اس ملک میں جلد عوامی انقلاب برپاہ ہوگا جس کی روشنی سے اس ملک میں ظلم وجبر کے اندھیروں کا خاتمہ ہوگا اور غریب ومظلوم عوام کی حکمرانی قائم ہوگی جہاں پر غریب ومظلوم عوام اپنی زندگی آزادی کیساتھ بسر کرسکیں گے۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کی ترقی کیلئے فرسودہ نظام کی تبدیلی ضروری ہے اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب ملک کے ۹۸ فیصد مظلوم عوام ۲ فیصد ظالم وجابر جاگیرداروں وڈیروں اور سرداروں کے خلاف متحد ومنظم ہوکر اپنے غضب شدہ حقوق کے حصول کیلئے اور ملک سے فرسودہ نظام کی تبدیلی کیلئے جدوجہد کریں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین وہ واحد رہنما ہیں جنھوں نے عوام کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں پر بانگ دہل آواز حق بلند کی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی پاکستان کے ۹۸ فیصد مظلوم ومحکوم عوام کی اشد ضرورت ہے اور اس پر عمل کرکے ہی وہ ظالمانہ وجابرانہ نظام سے نجات حاصل کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں ظلم وجبر کا نظام رائج ہے اور اس نظام کے اندھیروں میں قائد تحریک الطاف حسین کی ذات اس ملک کے مظلوم ومحکوم عوام کیلئے روشنی کی کرن ہے۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کی تعزیت

حیدرآباد۔۔۔01مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے اپنے تعزیتی بیان میں سیکٹر ڈی یونٹ 6/A کے کارکن محمد ماجد سے انکے والد کے انتقال پر اپنے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا اور ان کے تمام اہلخانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور تمام سگوار لواحقین کو صبر وجمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## حق پرست رکن صوبائی اسمبلی، میرپورخاص زون کے انچارج اوراراکین ذونل کمیٹی کی جانب سے اظہارتعزیت

میرپورخاص۔۔۔۔۔یکم مارچ، 2012ء

حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی، ایم کیوایم میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش واراکین ذونل کمیٹی نے تحریک کے ہمدردمعراج کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اوردلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام اورلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔مرحومہ کی نماز جنازہ وتدفین میں مرحومہ کے عزیزواقارب سمیت ایم کیوایم کے زمہ داران، کارکنان اورعمائدین شہرنے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## حق پرست عوامی نمائندوں نے دن رات عوام کی خدمت کی ہے
## موجودہ استحصالی نظام کا خاتمہ اورعوام کی حکمرانی کا خواب عنقریب شرمندہ تعبیر ہوگا،فہیم احمد الطافی

میرپورخاص۔۔۔۔۔یکم مارچ، 2012ء

حق پرست عوامی نمائندے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے وژن پرعمل کرکے ملک کی تعمیروترقی میں اہم کردارادا کررہے ہیں، جاگیرداروں اوروڈیروں نے موروثی سیاست کے زریعے اپنی جاگیروں اور بینک بیلنس میں تو اضافہ کرلیا لیکن ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچادیا ہے، جبکہ حق پرست عوامی نمائندوں نے دن رات عوام کی خدمت کرکے یہ بات ثابت کردی ہے کہ مسائل کو صرف وہ لوگ ہی حل کرسکتے ہیں جوان مسائل سے گزرچکے ہیں، اس بات اا ظہار حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی نے ا ۔ مختلف مکاتب فکر کے افراد سے زونل آفس میں ملاقات کرتے ہوئے کیا، انہوں نے تمام لوگوں پرزوردیا کہ ہمیں لوگوں میں اس بات کا شعوراجاگرکرنا ہوگا کہ تمام تر مسائل کا حل موجودہ استحصالی نظام ہے جسکے خاتمے کیلئے ہمیں جدوجہد جاری رکھی ہے تاکہ نظام کی بنیادیں تبدیل ہوں، غریب اورمتوسط طبقے کے لوگوں کوایوانوں میں بھیجا جائے گا اورصرف اسی طرح انسانی خدمت کا جذبہ بیدارہوگا اورعوام کی حکمرانی کا خواب شرمندہ تعبیر ہو۔

## آج پورے ملک کی غریب اورمظلوم عوام کی اُمیداورسوچ کی آخری کرن صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے،قطب الدین
## قائدتحریک الطاف حسین کے نظریے کی سچائی کا ثبوت ہے کہ لوگ جوق درجوق ایم کیوایم کے پرچم کے سائے تلے جمع ہورہے ہیں
## سکھرزون پرکارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

سکھر۔۔۔01مارچ2012ء

ملک میں جلدغریب اورمظلوم عوام کی حکمرانی ہوگی اورالطاف حسین بھائی کا نظریہ پوری ملک میں بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے متحدہ قومی موومنٹ سکھرزون کے زونل انچارج محمد قطب الدین بھائی جوائنٹ زونل انچارج سیدابوالکلام شاہ بھائی اورزونل طاہر بندھانی بھائی نے سکھرزون پرکارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اور انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین بھائی کے نظریے کی سچائی کا یہ زندہ ثبوت ہے کہ آج لوگ جوق درجوق ایم کیوایم کے پرچم کے سائے تلے جمع ہورہے ہیں آج پورے ملک کی غریب اورمظلوم عوام کی اُمیداورسوچ کی آخری کرن صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے انہوں نے مزیدکہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جوسیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اوراپنے محدودوسائل میں بھی اس ملک کی غریب اورمظلوم عوام کی بے لوث خدمت کررہی ہے اوراب ہم 98 فیصدلوگوں نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ ہم اپنی قسمت کا فیصلہ اُن دوفیصدلوگوں کے ہاتھ میں دینا ہے یا اپنے لوگوں کے اوراب بھی اگرہم نے صحیح اورغلط کا فیصلہ نہیں کیا تو خدابھی ہماری حالت نہیں بدلے گا۔

## متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یارزون کا اظہارتعزیت

ٹنڈوالہ یار:01مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یارزون کے زونل انچارج سیدمحمدعلی شاہ واراکین زونل کمیٹی نے یونٹB-1 کے کارکن اورسابق سیکٹرکمیٹی ممبرمحمدانورشمعدادخانزادہ کی تایازادبہن کے انتقال پراپنے گہرے رنج وغم اورشدیدافسوس کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کواپنے جوار رحمت میں جگہ اورلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔

## قائدتحریک الطاف حسین نے غریب اورمتوسط طبقے کے باصلاحیت نوجوانوں کوایوانوں میں بھیج کر موروثی طرز سیاست کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا ہے،زونل انچارج ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارسید محمد علی شاہ

## متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جس کے تمام تر فیصلے اقرباء پروری کے بجائے میرٹ اور صلاحیت کی بنیاد پر کئے جاتے ہیں

ٹنڈوالہ یار:01مارچ2012ء

قائدتحریک الطاف حسین نے غریب اورمتوسط طبقے کے باصلاحیت نوجوانوں کوایوانوں میں بھیج کرموروثی طرز سیاست کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا ہے۔ان خیالات کا اظہار زونل انچارج ایم کیوایم سید محمد علی شاہ نے یونٹ C-4 کے علاقے کمہار پاڑہ میں پرچم کشائی کی تقریب کے دوران کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرانکے ہمراہ اراکین زونل کمیٹی آفتاب عالم،ثاقب احمد خانزادہ،امجد حسین جاگیرانی اورارسلان خانزادہ بھی موجود تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ملک میں نئ اور مثبت سیاسی روایات کوجنم دے کرعوام کوتبدیلی کے حقیقی معنوں سے روشناس کرایا۔قائدتحریک الطاف حسین نے اپنے قریبی عزیزوں اوررشتہ داروں کوتمام تر تنظیمی وعوامی عہدوں سے دور رکھ کرثابت کیا کہ پورے ملک میں متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جس کے تمام تر فیصلے اقرباء پروری کے بجائے میرٹ اورصلاحیت کی بنیاد پر کئے جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے پیغامِ حق سے عوام کو دور رکھنے کے لئے غلط اور بے بنیاد پروپیگنڈوں کے جال بچھائے گئے ۔لیکن حقیقت کے سورج کو جھوٹ کے بادلوں میں چھپانے کی تمام تر سازشوں کو بالآخر ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کا پیغام ہر مظلوم پاکستانی کے دل کی دھڑکن بن چکا ہے۔اٹھانوے فیصد غریب اورمتوسط طبقے کی حکمرانی کا سورج بہت جلد طلوع ہوکرظلم وجبر کے اندھیروں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے فنا کردے گا۔

☆☆☆☆☆